[illegible]

2901 BAYVIEW AVENUE WILLOWDALE ONTARIO M2K 1E6
(Bayview Village Plaza, Suite 219)
MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

PRESENTED BY RELAX CINEMA ENTERPRISES INC.

عثمان غنی پیش کرتے ہیں

دخترِ صحرا ریشماں اور ساتھی

دلفریب نغمہ و رقص سے

بھرپور شام

[illegible] رجوع فرمائیے

AT QUEEN ELIZABETH THEATRE, CNE
SATURDAY, JANUARY 10, 1976 AT 7.00 PM
TICKETS: $5, $7, $8
FOR INFORMATION CALL 960-0833 OR 278 59..

بہنوں کی محفل

عیدِ قربان

عید قربان اپ کے ہمیں جذبۂ ایثار و خلوص اور صدق و وفا کی بازگشت اور نوید لے آئی ہے اور ہم پسر خلیل کی تسلیم و رضا کے سامنے عقیدت سے سر جھکائے ہیں۔ ہم یہ صدیوں سے کرتے آئے ہیں اور تا ابد کرتے رہیں گے۔ سال کے سال ایک عظیم باپ کی فقید المثال عبودیت ایک عظیم بیٹے کی لاثانی سعادت مندی اور ایک عظیم ماں کی بے مثال امتحان کی یاد مناتے ہیں اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرتے ہوئے قربانی کرتے ہیں۔

یہ ہمارے خراج عقیدت پیش کرنے اور فرمانِ خداوندی کو بجالانے کا ایک ذریعہ ایک وسیلہ ہے لیکن ہم میں سے ایسے کتنے افراد ہیں جو خلیل اللہ اور ذبیح اللہ کی روایات کو زندہ رکھنے کے لئے عقیدے کے ساتھ عمل کو بھی بروئے کار لاتے ہیں۔ خصوصاً ایسی کتنی مائیں ہیں جو خدا کے حکم پر سر تسلیم خم کر کے اپنے لخت جگر کو چھری تلے بھیجنے کے لئے نہ صرف خوشی سے آمادہ ہو جاتی ہیں بلکہ اس مقصد سے اس کا بناؤ سنگھار بھی کرتی ہیں!

اس عید سعید کے پس منظر سے سب ہی بہنیں آگاہ ہیں اور ضرورت محض اس کی روایات کو یاد رکھنے کی نہیں، انھیں زندہ رکھنے کی ہے۔ ہم اس دور یا بتلا میں جن آزمائشی حالات سے گزر رہے ہیں اور ہمارے دلوں اور ذہنوں پر ان کا جو منفی ردعمل ہو رہا ہے، وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ بیشتر باتوں میں ہم بے دست و پا ہیں، خصوصاً خواتین تو محض ایک عضو معطل کی حیثیت رکھتی ہیں، لیکن کئی باتوں میں ہم اپنی آپ رہنمائی کر سکتے ہیں خاص کر جبکہ ہمارے سامنے تاریخی شواہد کی آب و تاب رکھنے والی مثالیں ہوں ۔۔ مثلاً یہی حضرت ابراہیمؑ حضرت اسمٰعیلؑ اور حضرت ہاجرہؑ کے مشترکہ جذبۂ قربانی کی روشن مثال۔

ہمیں بہ شرط استطاعت فریضۂ قربانی ضرور ادا کرنا ہے، تاہم اس کے دوش بدوش بعض فضول باتوں سے اجتناب بھی کرنا ہے۔

ایک عورت ہونے کے ناطے میں اپنی بہنوں سے یہی گذارش کروں گی کہ وہ عید قربان کو نہایت سادگی اور پاکیزہ جذبات سے منانے پر اکتفا کریں۔ خدا نے توفیق دی ہے تو فریضۂ قربانی سے سبکدوش ہوں لیکن فضول خراجات سے بھی بچیں۔ خداوند کریم سب بہنوں کو اس مبارک دن کی روحانی مسرتیں نصیب کرے آمین!



عید الاضحیٰ

عید الاضحیٰ آئی ہے پیغام قربانی لئے
کیا اخوت کا نظارہ دوجہاں ہے
آج زندہ ہوتی ہے پھر سنت ابراہیمؑ کی

ایک "تازہ" نو بنو روح مسلمانی لئے
کیسی یک جہتی عمیر ملت بیضا میں ہے
حق نے جنتی عق امامت جن کو ہفت اقلیم کی

ستارے

عینر قیصر ایم اے

فون مانے بار نے کہ یہ تو ماننا ہی پڑے گا کہ ایک دنوں اور ناقابل یقین بات وجود میں آچکی ہے کہ تم اسے چاہتی ہو چاہے زبان سے اقرار نہ کرو۔ تم نے زبردست شکست کھائی ہے اور تمام عمر اس کشمکش سے نجات نہ مل سکے گی اور کنارا ستہ تمہارے لیے مناسب ہے حتیٰ کہ ایک دن موت کا تاریک سا دھر دہا تہ تمہارے دھڑکتے ہوئے دل کو قرار سے آشنا کر دے گا اور پھر تم تا قیامت اپنی روح کی حرماں نصیبی پر نوحہ کناں رہنا۔ سمجھیں"

زوشی تو یہ کہہ کر عجب شانِ بے نیازی سے چل دی اور میں سنگ مرمر کی یخ بستہ سل پر بیٹھی خود کو بھی اسی کا حصہ تصور کر رہی تھی۔ میری چشم تصور میں وہ دن تھا جس دن پہلی بار میں نے تم کو دیکھا تمہاری آواز سنی اور پھر عرصہ دراز تک خود کو اس عذاب سے بچانے کی کوشش میں مصروف رہی جس کو لوگ دل کی لگی کہتے ہیں۔ اس وقت کو کتنا نام دوں رحمت یا زحمت۔ جب پہلی بار میں نے یا شاید تم نے یا پھر دونوں نے ایک دوسرے کے احساسات کو جان لیا اور پھر ایک وقت آیا کہ میں نے خود کو بھلا کر تم کو اور صرف تم کو یاد کیا۔

ہائے! میں نے یہ کیوں فراموش کر دیا کہ تم آسمان پر چمکنے والا چاند ہو جس کی ٹھنڈی اور سکون بخش روشنی کی ایک دنیا دیوانی ہے۔ دنیا دیوانی ہے تو ہوا کرے مگر میں کیوں ان لوگوں میں شامل ہو گئی جو تمہارے قرب کے متمنی ہوتے ہیں اور قدرت کی ستم ظریفی ملاحظہ ہو کہ تمہاری نظر آفتاب بھی کس پر پڑی!

بعض اوقات اپنی خوش بختی پر ناز ہوتا ہے لیکن کبھی یہ جان لیوا احساس مار ڈالتا ہے کہ میں نہ تو تمہارے ساتھ قدم ملا کر چل سکتی ہوں اور نہ ہی تمہارے قرب سے خود کو محروم کرنا میرے بس میں ہے۔ انتہا یہ کہ اپنے احساس سے خود کو اپنی ذات کو بھی بتاتے ڈرتی ہوں۔ یہ کیسی دم گھونٹنے والی فضا ہے یہ کیسا اندھیرا ہے۔ کچھ نہیں سوجھتا۔

اللہ جانے! یہ زوشی میرے احساس سے کیسے آگاہ ہو گئی کہ تم میرے رگ و پے میں خون کی گردش بن کر دوڑ رہے ہو! میری زندگی بن چکے ہو۔ مجھے بے حد اچھے لگتے ہو۔ اچھے لوگ تو سبھی کو اچھے لگتے ہیں۔ خصوصیت سے میرا نام کیوں آئے۔ اچھا۔۔۔ اب میں کوشش کروں گی کہ میرے ان احساس کو دنیا کوئی ایسا ویسا نام نہ دے اور میں۔۔۔

یکایک معطر سی خوشبو نے مجھے چونکا دیا۔ نظر اٹھائی تو ۔۔۔ سے پیار ہونے والی تیز مسکراتی ہوئی نگاہیں ۔۔۔ کتنا ۔۔۔ ان آنکھوں میں کیسے ۔۔۔ کے ۔۔۔ سرکوشیاں کر رہی ۔۔۔ دیکھ کر یہ ہونٹ کیوں مسکرانے لگتے ہیں۔ دل کیوں دھڑکتا ہے۔ بے حد کوشش سے خود کو سنبھال کر اٹھی تو وہ گویا مسکرا مسکرا کر میرا مذاق اڑا رہا ہے۔ میں جانتی تھی وہ یہ کہے گا کہ اجنبی بن کر کہا فرمایئے؟

جواب میں وہ میرے انتہائی نزدیک بیٹھ گیا اور میں ساری جان سے لرز اٹھی۔ سمٹ کر رہ گئی۔ نہ اٹھنے کی ہمت نہ جانے کی طاقت۔ یا اللہ۔۔۔ اور اسی لمحے۔ وہی لمحہ جس کی میں روز ازل سے منتظر تھی آ گیا۔ یوں لگا کہ کائنات کی نبضیں رک گئیں۔ میرے ہاتھ ان ہاتھوں میں تھے جن کو میں تصور میں اپنے قریب دیکھا کرتی تھی۔ یہی وہ لمحہ تھا کہ میں نے محسوس کیا کہ میں یا ہم ایک دوسرے کو پسند کرتے ہیں۔ یا شاید میں ہی روح کی گہرائیوں سے اسے چاہنے لگی ہوں۔

اپنی خوش بختی پر نازاں حسن سی بیٹھی تھی کہ ایک دم وہ اٹھا اور چلا گیا۔ یہ کیا ہو گیا۔ یہ حقیقت تھی یا ان تمام خوابوں میں سے ایک خواب جو میں سوتے جاگتے اکثر دیکھا کرتی تھی۔ نہیں۔۔۔ یہ تو حقیقت تھی۔ میں اس کے بازوؤں کا حصار ابھی محسوس کر رہی ہوں۔ اس کا لمس میرے تمام وجود میں سرایت کرتا محسوس ہو رہا ہے۔ اس کے سانسوں کی تپش میرے چہرے کو دہکا رہی ہے۔ اُف۔۔۔ کسی نے دیکھا تو نہیں۔ گھبرا کر چاروں طرف دیکھا تو ہر دیوار اور ذرہ آنکھ بنا دیکھ رہا تھا۔

دوسرے دن کلاس میں میری آنکھیں نہیں اٹھ رہی تھیں۔ نہ جانے یہ وہم کیوں تھا کہ کوئی ان آنکھوں کا راز نہ جان لے۔ میرے دل سے خوشی واحساس کی اٹھتی لہریں مجھے مسکرانے پر مجبور کر رہی تھیں اور زوشی نے کہا "واہ آج انتہائی خاموش اور بے حد خوش کیوں نظر آ رہی ہو" اور میں گڑبڑا کر رہ گئی۔ اسی لمحہ نہ جانے تم کہاں سے آ گئے اور آہستہ سے کہا خوشی یا اللہ کیا میں آپ ہی بے خود ہوتی جا رہی ہوں۔ خود پر بے حد غصہ آیا کہ یہ کیا حماقت ہے اور الجھ پڑی۔

"آپ خود کو کیا سمجھتے ہیں"

"بہت کچھ" وہی دل لبھانے والی مسکراہٹ۔

"آپ ہیں کیا"

"بہت کچھ ہوں، اگر کوئی سمجھے! جیسے ہو عظیم تم"

"کیا عظیم ہیں جی آپ"

"میں اس لیے عظیم ہوں کہ آپ مجھ سے۔۔۔" اور باقی جملہ بغیر ہی میں تیزی سے چل دی۔ چند دن انتہائی ضبط و صبر کے ساتھ اس سے دور رہنے میں گزارے مگر بے کار۔ وحشت اور بے قراری میں مزید اضافہ ہو گیا۔ یہ احساس مارے ڈال رہا تھا کہ یہ سب غلط ہے ایسا نہیں ہونا چاہیے مگر دل کمبخت کو کیا کروں کسی طرح مانتا ہی نہیں۔ پڑھنے کی کوشش میں ہر لفظ اسی نام کا روپ دھار لیتا۔ غیر ارادی طور پر قلم سے اسی نام کے حروف لکھے جاتے ۔۔۔ اور ایک دن۔۔۔

"ذرا سنئے! آپ سے بے حد اہم معاملہ پر گفتگو کرنا ہے"

کیا سنجیدہ و رنجیدہ چہرہ بہت نادل ہو کر میں نے پوچھا اور پریشان ہو کر اس کے ساتھ چل دی۔ وہ نہایت خاموش اور سنجیدہ تھا۔ سدا مسکرانے والے ہونٹ تھے کہ ایک لفظ۔۔۔

۔۔۔ خوبصورت تھے اور فراخ پیشانی شکن آلود۔

یا الٰہی خیر! نہ جانے کب اس کے ساتھ چلتی باہر آئی اور کیبن میں بیٹھ کر دھڑکتے دل سے ہمہ تن گوش ہو گئی کہ اچانک وہ ہنس پڑا اور میرے ہاتھ تھام کر بولا۔

"آپ اپنی لاپرواہ ہونے کی کوشش میں کہاں تک کامیاب ہیں ذرا بتایئے تو"

اور میں ایک دم اس کی ساری چالاکی جان گئی۔ ایک تو گھر سے بتائے بغیر نکلی اور دوسرے اس خاصی رنگین سی فضا میں وہ میرے کتنے قریب تھا۔ میں اپنے ہاتھ آزاد نہ کرا سکی اور لمحہ بہ لمحہ بے بس ہوتی جا رہی تھی۔ آخر میری بے بسی آنسو بن کر میری آنکھوں میں اتر آئی اسے رحم آ گیا اور میرے ہاتھ چھوڑ کر کہا۔ "دیکھو! نہ میں نے ایسے چاہا کہ یوں ہو اور نہ ہی شاید تم نے کوشش کی۔ یعنی یہ سب کچھ قدرت کی طرف سے ہوا ہے اور قدرت کی طرف سے تقدیر متعین ہوتی ہے۔ گویا یہ تمہاری تقدیر ہے۔۔۔" نہ جانے وہ کیا کیا بکھار رہا تھا۔ مگر میں تو کچھ بھی نہیں سن رہی تھی۔ میں اپنے حواس میں کب تھی۔ مجھے تو یوں لگ رہا تھا کہ میرا دل مجھ سے سرگوشیاں کر رہا ہے۔ میرا سارا وجود ہولے ہولے کانپ رہا تھا۔ میں آنکھیں بند کئے وہ نغمہ سن رہی تھی جس کی تمنا میں روح ازل سے بھٹک رہی تھی۔

کاش! وقت تھم جاتا۔ ارض و سما کی گردش رک جاتی۔ کاش! وہ لازوال لمحات ابدی بن جاتے۔ اور جب میں خواب سے جاگی تو معلوم ہوا کہ میں اقرار کر چکی ہوں اس بات کا جس کو شوق کا نام بھی دیتے ہیں۔

کمرے میں پہنچی تو انگ انگ ناچ رہا تھا کس قدر عظیم دولت سے یہ تہی دامن مالا مال ہو گئی تھی کہ زوشی نے میرے وجود کو ہلا کر رکھ دیا۔ میں بکھر گئی۔ ریزہ ریزہ ہو گئی۔ زوشی کی آواز میرے کانوں میں گونج رہی تھی۔

"تمہارے ذاتی معاملات میں دخل انداز نہیں ہو رہی۔ صرف دوست اور ہمدرد دوست کی حیثیت سے تم کو یہ بتا رہی ہوں کہ اپنی حیثیت اور اس شخص کے مقام کا تعین کر کے قدم اٹھانا کیونکہ یہ راہ انتہائی خاردار اور سنگلاخ ہے جہاں بدنامی و رسوائی کے جن منہ پھاڑے شکار کے متلاشی رہتے ہیں اور تم جیسے حساس لوگ رسوائیوں کو گلے نہیں لگا سکتے۔۔۔ تم کو صرف سمجھا رہی ہوں۔ یہ نہ دیکھوں ہو رہی ہو۔ میری دوست۔۔۔ اللہ سے دعا کرو۔ وہ تمہارا مددگار ہو"

تمام رات سوچ سوچ کر اور رو رو کر تکیہ بھگوتے گزار دی اور اپنی چاہت کو اپنے ہی ہاتھوں قربان کرنے کا فیصلہ کر کے امی کی منہ بولی بہن کے یہاں سے آئے ہوئے رشتے پر اظہار رضامندی کے طور پر ستارے ٹانک لیے اور اپنے دل کے تمام دروازے بند کر لیے۔ ۔۔

بہنوں کی خدمت میں
عید مبارک
(ادارہ)

وہ پاکستان کے بانی اور اس کی کشتی کے نڈر ملاح تھے

وہ کون سی خوبیاں تھیں جس نے قائد اعظم کو ہمارا محبوب اور عظیم رہنما بنایا

سید مصطفیٰ علی بریلوی

قائد اعظم کی رحلت کو چوتھائی صدی کا طویل عرصہ گزر چکا ہے لیکن یہ ان کے خلوص کی برکت ہے کہ ہم میں سے ہر شخص کچھ ایسا محسوس کرتا ہے کہ قائد اعظم جیسے ہمارے ساتھ ہوں۔ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آخر قائد اعظم سے اتنی محبت کا کیا جواز ہے۔ یہ دو قوم کے رشتہ دار تھے، نہ ہم زبان تھے اور نہ ہم علاقہ تھے پھر کیا بات تھی کہ دل ان ہی کی جانب کھنچا چلا جاتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ عملی خدمت، محبت اور خیالات کی ہم آہنگی وہ مضبوط رشتے ہیں جن کے مقابلے میں رنگ، نسل، علاقہ اور معاشرت وغیرہ جیسی چیزیں پس پشت رہ جاتی ہیں۔ قائد اعظم تو ...

بابائے قوم حضرت قائد اعظم
محمد علی جناحؒ
کے یوم ولادت پر اپنے وطن کا ادارہ
ہدیہ تبریک و تہنیت
پیش کرتا ہے

قائد اعظم ۱۹۴۷ء میں پرچم بلند کر رہے ہیں

لاہوری طرز کے لذیذ
"چھولے پوری"
سے لطف اندوز ہونے کے لئے ہر ہفتے کے روز صبح دس بجے سے شام چھ بجے تک تشریف لائیے۔
KOH - I - NOOR
CURRY CENTRE
99 DAVENPORT ROAD
KHALID BUKHARI PHONE 923-2777

GR
دیدہ زیب آرٹ ورک
اور
ٹائپ سیٹنگ کے لئے یاد رکھیے
Graphic Reproductions Limited
6 thorncliffe park drive, toronto, ontario,
imran a (ronnie) gill
president phone (416) 425 1836/1838

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر میر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔
IF THIS Happens To You!

Expert Body Work
General Collision Repairs
Spray Painting
Guaranteed Work
FREE ESTIMATES
National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

فلسفۂ قربانی

قربانی وہ شے ہے جو قلب میں خدا ترسی اور پرہیزگاری کے جذبات پیدا کرتی ہے

مولانا عبدالماجد دریا آبادی

یورپ کے بڑے بڑے مفکر، مادہ پرست فلسفیوں اور سائنسدانوں نے برسوں سوچ بچار اور تجربہ کے بعد یہ رائے ظاہر کی ہے کہ دنیا کی سب سے ادنیٰ چیزوں سے لیکر انسان تک ایک طرح کی جنگ یا کشمکش ہر وقت جاری رہتی ہے۔ ہر قدم پر ایک دوسرے سے لڑنے اور آگے نکلنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ہر بڑی چیز چھوٹی کو کھا جاتی ہے ...

یہ بات اسی حد تک تو بالکل درست ہے کہ دنیا کی چیزیں جاری ذرائع سے بنی ہیں ...

انسان کی ترکیب میں صرف جسم ہی شامل نہیں ہے بلکہ ایک شے اس کے علاوہ بھی ہے جسے روح کہتے ہیں ...

ترکیب نماز عید

عیدالاضحیٰ کے روز یہ چیزیں مسنون ہیں۔ صبح سویرے اٹھنا، غسل و مسواک کرنا، پاک و صاف عمدہ کپڑے جو اپنے پاس ہوں پہننا، خوشبو لگانا، عید کی نماز سے پہلے کچھ نہ کھانا، عیدگاہ کو جاتے ہوئے تکبیر مذکور العدد با آواز بلند پڑھنا۔ نماز عید دو رکعت ہیں۔ دوسری نمازوں سے فرق صرف اتنا ہے کہ اس میں ہر رکعت کے اندر تین تکبیریں زائد ہیں۔ پہلی رکعت میں سبحانک اللّٰھم پڑھنے کے بعد قرأت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد رکوع سے پہلے ان زائد تکبیروں میں کانوں تک ہاتھ اٹھانا چاہئے۔ پہلی رکعت میں دو تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیں اور تیسری تکبیر کے بعد ہاتھ باندھ لیں۔ دوسری رکعت میں تینوں تکبیروں کے بعد ہاتھ چھوڑ دیئے جائیں۔ چوتھی تکبیر کے ساتھ رکوع میں چلا جائے۔ نماز عید کے بعد خطبہ سننا واجب ہے۔

تکبیر تشریق

اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لا الٰہ الا اللّٰہ واللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر وللّٰہ الحمد

عرفہ یعنی نویں تاریخ کی صبح سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک ہر نماز کے بعد با آواز بلند ایک مرتبہ یہ تکبیر پڑھنا واجب ہے۔ فتویٰ اسی پر ہے کہ با جماعت نماز پڑھنے والے اور تنہا پڑھنے والے اس میں برابر ہیں۔ اسی طرح مرد و عورت دونوں پر واجب ہے۔ عورت آواز بلند تکبیر نہ کہے آہستہ پڑھے ... اس تکبیر کا متوسط بلند آواز سے کہنا ضروری ہے۔ بہت لوگ اس میں غفلت کرتے ہیں پڑھتے ہی نہیں یا آہستہ پڑھ لیتے ہیں۔ اس کی اصلاح ضروری ہے۔

اسلام قربانیوں کے ایک باقاعدہ مرتب نظام کا نام ہے

کریسنٹ

اپنے دوست احباب کے نام بطور تحفۂ عید جاری کرائیے یہ اخبار سال بھر آپ کی یاد دلاتا رہے گا!

قارئین کرام کی خدمت میں

عید مبارک

(ادارہ)

ہدیۂ تبریک

EID MUBARIK

from

MR. ... AND FAMILY ... TO ALL
THEIR FRIENDS AND ASSOCIATES



وطن عزیز کے استحکام اور خوش حالی کے لئے آگے بڑھئے
اور اس بات کا فیصلہ کیجئے کہ آپ ہمیشہ
اپنی قومی ایئر لائن
پی آئی اے
کے ذریعے سفر کرینگے

Los Angeles ... 626 3216 • San Francisco ... 2 3234 • Atlanta (414) 364 1375 Toronto (416) 364 1375
Montreal (514) 861 2496 • Rio de Janeiro 235 4936

PIA
PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES

اپوزیشن پارلیمانی گروپ نے آئندہ لائحہ عمل کی تیاری کے لئے پانچ رکنی کمیٹی قائم کر دی

چوتھے ترمیمی بل نے آئینی ڈھانچے کو یکسر بدل دیا ہے

متحدہ حزب اختلاف کی طرف سے جاری کردہ بیان

اسلام آباد ——— اسٹاف رپورٹر) پارلیمنٹ کی متحدہ حزب اختلاف نے ایک پانچ رکنی کمیٹی قائم کی ہے ...

یونیسکو کے اجلاس میں مقبوضہ کشمیر کو بھارتی علاقہ ظاہر کرنے والا نقشہ بھی واپس لے لیا گیا

بھارت نے بھوٹان کو بھی اپنے علاقے میں شامل دکھایا تھا

افغانستان کی نظر بندی کی میعاد میں تین ماہ کی توسیع

بھارت اور روس کے نمائندے ایشیا میں

اسرائیلی جارحیت عالم اسلام کے لئے کھلا چیلنج ہے، کوثر نیازی

تحریک پاکستان اپنے عظیم مقاصد کے حصول کے لئے پوری شدت سے جاری رہے گی

اب مقابلہ صرف پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کے درمیان ہوگا

عوام کی آواز کو اب کسی صورت نہیں دبایا جا سکتا ہے، حنیف رامے

... پاکستان مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر مسٹر حنیف رامے نے کہا ہے کہ تحریک پاکستان کا مقصد ملک میں اسلامی اقدار اور قوانین پر مبنی ایک معاشرہ اور حکومت کا قیام تھا یہی وجہ ہے کہ تحریک پاکستان ختم نہیں ہوئی بلکہ ان عظیم مقاصد کے حصول کے لئے تحریک پاکستان پوری شدت سے جاری رہے گی اور جب تک ہم ان مقاصد کو حاصل نہیں کر لیتے اس وقت تک حکیم الامت اور قائد اعظم کا خواب شرمندہ ...

پاکستان اور رومانیہ میں تیزی سے تعلقات بہتر ہوئے ہیں

وزیر خزانہ رومانیہ

کراچی ——— (پ پ) رومانیہ کے وزیر خزانہ مسٹر ... نے آج یہاں کہا ہے کہ پاکستان اور رومانیہ کے سرکاری کمیشن کا اجلاس کل سے اسلام آباد میں ہو رہا ہے جس میں اقتصادی تعاون کے نئے نئی راہیں تلاش کی جائیں گی۔ اور گزشتہ سال ستمبر میں بخارسٹ میں کمیشن کا جو اجلاس ہوا تھا اس کے بعد ہونے والی ترقی کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ آج صبح بخارسٹ سے کراچی پہنچنے پر ہوائی اڈے پر اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کے دوران پاکستان اور رومانیہ کے درمیان سیاسی اور اقتصادی میدان میں تیزی سے تعلقات بہتر ہوئے ہیں۔

بھارتی ہاکی ٹیم نے نیوزی لینڈ میں تمام میچ جیت لئے

آکلینڈ (نیوزی لینڈ) ——— (رائٹر) بھارتی ہاکی ٹیم آکلینڈ کی صوبائی ہاکی ٹیم سے ایک گول کے مقابلے میں دو گول سے آخری میچ جیت کر نیوزی لینڈ کے دورے کا ریکارڈ ... ہر میچ جیت کر قائم کر دیا۔ آکلینڈ کی ٹیم کو میچ کے آخری نصف میں چھ پنلٹیوں کا موقع ملا مگر وہ میچ نہ جیت سکی۔

جرمن ہاکی ٹیم پہلا ٹسٹ راولپنڈی میں کھیلے گی

اسلام آباد ——— (پ پ) آج یہاں معلوم ہوا کہ مغربی جرمنی کی ہاکی ٹیم اور پاکستان کے درمیان پہلا ٹسٹ ... راولپنڈی آرمی سپورٹس سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ جرمنی کی ہاکی ٹیم ... کو کراچی پہنچے گی وہ ایک ٹسٹ اور چند دوسرے میچ کھیلے گی دوسرے دو ٹسٹ لاہور اور کراچی میں کھیلے جائیں گے۔

شاہ خالد مسلم سائنسدانوں کی کانفرنس کا افتتاح کریں گے

جدہ ——— (پ پ) سعودی عرب کے شاہ خالد آئندہ سال ریاض میں منعقد ہونے والی سائنسدانوں اور ٹیکنالوجی کے ماہرین کی اسلامی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔

سرحد اسمبلی نے آغا شورش کو خراج عقیدت پیش کیا

پشاور ——— (نمائندہ خصوصی) سرحد اسمبلی نے آج ایک قرارداد میں ممتاز صحافی اور ادیب آغا شورش کاشمیری کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ ... حزب اختلاف کے قائم مقام لیڈر مولانا حبیب گل نے اس سلسلے میں قرارداد پیش کی تھی جس میں کہا گیا کہ آغا شورش کاشمیری ... عاشق رسول اور صدق دل سے ... خدمت ... تھے

FIRST TIME IN TORONTO
SHAMI KABAB
SAMOSA
Khybirchicken
KARAHITIKA
SEEKH KABAB
INDO - PAKISTANI SWEETS
& ROAST BEEF (CURRIED) WITH
OUR WONDER BREAD
سپیشل ہر روز جمعہ حلوہ پوری، چھولے اور پائے
REASONABLY PRICED
For fast TAKE OUT
VISIT الکباب
Al-Kabab
582 Yonge St. Tel. 960-0734
Just North of Wellesley

کریسنٹ
کو
اپنے دوستوں ...
سے
متعارف کرائیے

عید مبارک
WILL PROVIDE FRESH HALAL GOAT,
LAMB, BEEF, VEAL, CHICKEN MEATS,
ALL KINDS OF DALLS, SPICES, PICKLES,
FRESH VEGETABLES AND TROPICAL
FRUITS AND HUNDREDS
OF OTHER ITEMS.
حلال گوشت اور مرغیاں
نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں
ہیملٹن میں حلال گوشت کی
پہلی دکان
فریزر میں ذخیرہ کرنے کا گوشت ہم سے کم قیمت پر طلب فرمائیے
Asian
Food Market
414 KING STREET EAST
at VICTORIA AVE
HAMILTON
PHONE: 528-8184

عید مبارک کی خوشیوں میں
آپ کے ساتھ شامل

PLEASE VISIT US FOR

Masalas; Condiment; Rice

HALAL MEAT & Dals

قائدِ اعظم کی ولادت

باعثِ سعادت

قائدِ اعظم کی قیادت

ایک نعمت

قائدِ اعظم سے ارادت ــ سرزمینِ وطن سے محبت

آیئے

اس مبارک ساعت پر تعمیرِ نو کے لئے متحد جدّ و جہد کا اعادہ کریں

منجانب

Afro Asian

918 PAPE AVE,TORONTO.
call at 463-1287.

ہم اپنے کرم فرماؤں کو عید مبارک پیش کرتے ہیں

حلال گوشت

مرغ ۸۰ سینٹ فی پونڈ

بادام ایک ڈالر ۳۰ سینٹ فی پونڈ

اختتام سیل ۱۳ دسمبر ۱۹۷۵ء

ڈیلیوری مفت

PICK-N-SAVE

Phone: 636-1358

756 WILSON AVE

WEST of DUFFERIN

کانگریس اور نیشنل کانفرنس کو ضم کرنے کی تجویز قبول نہیں کی جائیگی

اندرا گاندھی کے دباؤ کے باوجود شیخ عبداللہ مفاہمت پر رضامند نہیں ہوئے

لندن — بھارتی وزیراعظم مسز اندرا گاندھی اور مقبوضہ کشمیر کے وزیراعلیٰ شیخ عبداللہ کے درمیان شدید اختلافات پیدا ہو گئے ہیں ... [illegible]

قبرص کے ترک عوام پاکستان کی حمایت پر ممنون ہیں

وزیراعظم بھٹو نے ہمیں ہر ممکن مدد دینے کا یقین دلایا ہے، رؤف دنکتاش

[illegible]

نکسن ناخوشگوار شخصیت کے مالک تھے: کسنجر

واشنگٹن — (راف پ) امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر نے سابق امریکی صدر رچرڈ نکسن کو ایک پڑھا لکھا ... ناخوشگوار شخصیت قرار دیا ہے ... [illegible]

پاکستان اور ترکی کے درمیان وسیع تعاون کے سمجھوتے پر دستخط ہو گئے

سمجھوتے سے دونوں ممالک کی بہبود میں مدد ملے گی، احسان صابری

دونوں ممالک کے ماہرین مشترکہ منصوبے تیار کریں گے، عزیز احمد

اسلام آباد — (اے پی پی) پاکستان اور ترکی نے آج یہاں ایک سمجھوتے پر دستخط کئے۔ اس سمجھوتے کے تحت دونوں ممالک ... باہمی اقتصادی و فنی تعاون کریں گے ... [illegible]

بیت المقدس پر اسرائیلی قبضہ ختم ہونا چاہیئے، شہنشاہ ایران

تہران — شہنشاہ ایران ... نے ... ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اسرائیل کو بیت المقدس پر قبضہ ختم کر دینا چاہیئے۔ اور فلسطین کے مسئلے کو پرامن طور پر حل کرنے کی کوشش کرنی چاہیئے۔

کریسنٹ کے خریدار بنیئے

[illegible]

وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لیے تحفے لے جانا ایک مشرقی رسم ہے۔ ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے بنے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو، ٹیپ ریکارڈر وغیرہ یہاں سے براہ راست پاکستان بھجوائیے

خوابوں کی تعبیر - خواہشوں کی تکمیل کا مرکز

AAlice International

Unique Trade & Commerce

3240 Bloor St.,W.,Suite #5A

Toronto, Ont. CANADA M8X 1E4

Tel:(416)231-1766 & 459-0820

پندرہ روزہ

کریسنٹ

شورو، نیوزی لینڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ

سن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہو گا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

امن کیلئے بھارتی شرط — غیر مسلح پاکستان

جزء خبیر پاکستان و بھارت (امریکی اسلحہ) کی جو بھارت پر ستمبر ۱۹۶۵ء کی جنگ کے دوران جو پابندی عائد کی گئی تھی وہ اگرچہ گزشتہ فروری ہی ختم کر دی گئی تھی اور امریکہ نے مظلوم پاکستان اور ظالم بھارت کو ایک ہی سطح پر رکھتے ہوئے دونوں کو امریکی اسلحہ خریدنے کی اجازت دے دی تھی لیکن قریباً دس ماہ کا عرصہ گزر جانے کے باوجود اپنے دفاع کے لیے کلی طور پر امریکی اسلحہ پر انحصار رکھنے والے پاکستان کو امریکہ سے ایک بندوق تک بھی نہیں ملی اور دفاعی معاملات میں اس کا حریف پاکستان بدستور بیرونی جارحیت اور تخریب کے خطرات کے بھنور میں الجھا ہوا ہے۔ اسکے برعکس بھارت اپنی روسی اسلحہ فیکٹریوں اور روسی معاہدے کے تحت ملنے والے بے حد و حساب روسی اسلحہ کی بدولت بہت بڑی فوجی طاقت بن چکا ہے — اتنی بڑی فوجی طاقت کہ گزشتہ دنوں میں اپنے دھماکہ کے بعد بھارتی فوج کے سربراہ سمتھ دنیا کی تیسری بڑی طاقت بننے کے دعوے کرنے لگے تھے — لیکن پاکستان جب کبھی امریکہ یا کسی اور جگہ سے اپنی دفاعی ضروریات کے لیے اسلحہ حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے تو بھارت کے جنگ پسند حکمران اسے اپنے اور اس علاقے کے امن کے لیے خطرہ قرار دے کر واویلا شروع کر دیتے ہیں۔ حالانکہ کوئی شخص بھی جو ہوش و حواس رکھتا ہو یہ تسلیم نہیں کر سکتا ہے کہ پاکستان اپنے سے دس گنا بڑے ملک پر حملے کا تصور بھی کر سکتا ہے۔

اب پاکستان کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ مسٹر عزیز احمد نے اقوام متحدہ میں امریکی وزیر خارجہ ڈاکٹر ہنری کسنجر سے ملاقات کی ہے تو بھارتی حکمرانوں نے ایک بار پھر ہنگامہ برپا کر کے شور مچا دیا ہے حالانکہ مسٹر عزیز احمد اور ڈاکٹر ہنری کسنجر کی یہ ملاقات کوئی غیر معمولی بات نہیں تھی۔ اس ملاقات میں تربیلا بند اور پاکستان کی اقتصادی امداد سے مشرق وسطیٰ تک کئی امور پر بات چیت ہوئی ہے اور اس ملاقات کا مقصد اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر ایک دوسرے کے موقف کو سمجھنا تھا۔

اس ملاقات میں برصغیر کے امن کے مسائل میں پاکستان کا کردار اور امریکی اسلحہ کے لئے پاکستان کی دیرینہ درخواست کا تذکرہ بھی ضمناً ہوا ہے لیکن بھارتی وزیر خارجہ مسٹر چوہان نے اس پر شدید ردعمل ظاہر کرنے میں کوئی تاخیر نہیں کی اور نیویارک میں جہاں وہ مسٹر عزیز احمد کی طرح جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لئے گئے ہوئے ہیں، کہا ہے کہ بھارتی حکومت پاکستان کو امریکی اسلحہ کی سپلائی کے سخت خلاف ہے کیونکہ اس طرح علاقہ کا امن سرے سے خطرے میں پڑ جائے گا۔ مسٹر چوہان کے نزدیک برصغیر کا امن صرف اس صورت میں قائم رہ سکتا ہے جب پاکستان غیر مسلح، تنہا اور بے یار و مددگار ہو۔

بھارتی حکمرانوں کا [illegible] نئی پالیسی [illegible] بھی نظر آتی ہے جو [illegible] پہلے تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ برصغیر کے ہندو لیڈروں کی انتہائی مخالفت کے باوجود جب پاکستان ایک حقیقت بن کر سامنے آ گیا تو پہلے وہ اس خوش فہمی میں مبتلا رہے کہ یہ زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکے گا اور پاکستانی قوم اپنے آپ کو پھر ہندوستانی معاشرہ میں ضم کرنے پر مجبور ہو جائے گی [illegible] لیکن جب ان کی یہ توقعات نقش بر آب ثابت ہوئیں اور پاکستان روز بروز ہر لحاظ سے مضبوط و مستحکم ہونے لگا تو انہوں نے اسے تخریب و سازش اور جارحیت کے ذریعے ختم کرنے کی ٹھان لی۔ سقوط مشرقی پاکستان ان کی اسی مذموم پالیسی کا نقطہ عروج تھا اور شریمتی اندرا گاندھی کا "بنگلہ دیش" کے قیام کو دو قومی نظریہ کی شکست قرار دینا اسی خبث باطن کا مظاہرہ تھا۔ وہ آج بھی — سوویٹ سامراج کی کھلی سرپرستی سے — مسلم بنگالیوں پر تخریب، سازش اور طاقت کے ذریعے سیکولرازم، سوشلزم اور نیشنلزم مسلط کرنے میں ناکامی کے تلخ تجربہ کے باوجود — باقی ماندہ پاکستان کے خلاف اپنی دیرینہ پالیسی بروئے کار لانے کی مساعی میں مصروف ہیں۔ بھارتی حکمرانوں کی یہ کوشش ہے کہ پاکستان اپنی نظریاتی اساس کو فراموش کر دے — کیونکہ یہ نظریاتی اساس ہی پاکستان کے اتحاد و سلامتی اور قوت و استحکام کی ضامن ہے — سیکولر سوشلزم کی تاریک الائیوں میں منتشر ہو جائے اور اس کا شیرازہ بکھر جانے کے بعد بالآخر بھارت میں ضم ہو جائے۔

وہ پاکستان کا وجود صرف اسی صورت میں برداشت کر سکتے ہیں جب پاکستان کمزور و ناتواں، غیر مسلح، تنہا اور بے یار و مددگار ہو کر بھارت کا تابع مہمل بن جائے اور سوویت سکیم کے مطابق بھارت کی بالادستی میں "اکھنڈ پاک بنگلہ دیشی کنفیڈریشن" کا حصہ بن جائے۔ اس لیے انہیں پاکستان کی طرف سے دفاعی اہمیت کا اسلحہ حاصل کرنے کی کوشش بھی برصغیر کے امن کے لیے خطرہ معلوم ہوتا ہے۔

بھارتی حکمران برصغیر میں امن کے لیے جو شرط پیش کر رہے ہیں — غیر مسلح پاکستان کی شرط — وہ دوستی ہرگز نہیں۔ ایک مستقل غلامی ہے جس کا جوا وہ دوستی اور امن کے نام پر پاکستان کی گردن میں ڈالنا چاہتے ہیں۔ پاکستان ایک آزاد و خودمختار ملک ہے۔ وہ اپنے کردار و عمل کا خود مالک ہے اس لیے ایسی سنجیدہ ذرائع سے بین الاقوامی رائے عامہ پر بھارتی عزائم واضح کرنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ حق و انصاف اور اخلاق کا تقاضا تو یہ ہے کہ بھارتی حکمران نیک نیتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے شملہ معاہدہ کے مطابق ایک دوسرے کی آزادی و خودمختاری کا احترام کرتے ہوئے برابری کی سطح پر بحالی تعلقات کی راہ اختیار کریں اور سب سے پہلے کشمیر کا دیرینہ تنازعہ اقوام متحدہ کے منظور شدہ قراردادوں اور خود اپنے بین الاقوامی معاہدہ کے مطابق کشمیریوں کو ان کے پیدائشی حق خود اختیاری سے ہمکنار کر کے پرامن طور پر حل کریں تاکہ برصغیر میں حقیقی امن کی خوشگوار فضا پیدا ہو جس میں دونوں ملکوں کے عوام جنگ کی تباہ کاریوں کے خوف سے نجات حاصل کر کے ملک میں سے زندگی گزار سکیں اور بیچارے بھارتی عوام بھی قحط، فاقہ زدگی، بیروزگاری، بیماری اور غربت و افلاس کے ہیبتناک چنگل سے نکل کر آزادی کی نعمتوں سے متمتع ہو سکیں۔

پیپلز پارٹی — پس چہ باید کرد!

حکمران پیپلز پارٹی کا جو داخلی انتشار و خلفشار کچھ عرصہ پیشتر افتراق و عناد بلکہ باہمی نفرت کی صورت میں سامنے آیا ہے اور اس جماعت کی تعمیر میں جو خرابیاں مضمر تھیں ان کا اب وزیراعظم اور پارٹی کے چیئرمین مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے بھی اعتراف و اظہار کیا ہے۔ چنانچہ انہوں نے گزشتہ دنوں تہران میں کیہان انٹرنیشنل کے امیر طاہری کے ساتھ اپنے انٹرویو میں اپنی پارٹی میں انتشار کا تفصیل کے ساتھ ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ "میں اپنی پارٹی میں انتشار کے مضمر خطرات سے بخوبی آگاہ ہوں لیکن یہ خطرات اتنے مہیب نہیں کہ ان سے خوفزدہ ہوا جائے۔ سٹرکچر کی پارٹی سے علیحدگی کے باعث جو طوفان کھڑا ہوا ہے اس پر جلد قابو پا لیا جائے گا۔"

پیپلز پارٹی جب ۱۹۶۹ء میں معرض وجود میں آئی تھی تو اس وقت — جیسا کہ وزیراعظم اور چیئرمین بھٹو نے بھی اپنے متذکرہ انٹرویو میں تسلیم کیا ہے — اس کا اصل مقصد ایوب خان کی آمرانہ حکومت کا خاتمہ تھا چنانچہ جب سقوط ڈھاکہ کے بعد اس نے باقی ماندہ پاکستان میں زمام اقتدار سنبھالی تو اس کی حیثیت ایک منضبط سیاسی جماعت کی ہرگز نہیں تھی بلکہ یہ مختلف افکار و نظریات اور خیالات کے حامل لوگوں کا ہجوم تھی۔ ایوب خان کی آمریت کے خلاف جدوجہد میں لوگوں کی جو مایوسیاں، محرومیاں اور مسائل و مشکلات سامنے آئی تھیں وہ اس کی توجہ کا مرکز تھیں اور عوامی ہمدردیاں حاصل کرنے اور لوگوں کو یہ تاثر دینے کے لیے کہ یہی جماعت ان کی نجات دہندہ ثابت ہو سکتی ہے اسی غرض سے اس نے "روٹی کپڑا مکان" وغیرہ کے نعرے لگائے۔ جماعت میں تمام ہونے والی یہ جماعت کوئی ٹھوس اور قابل عمل اقتصادی و معیشی پروگرام پیش کرنے کی بجائے "جمہوریت ہماری سیاست، سوشلزم ہماری معیشت اور اسلام ہمارا دین ہے" کے نعرے لگاتی رہی۔ اس وقت لوگ بھی جذبات کی رو میں بہے جا رہے تھے۔ لوگوں کی پارٹی میں سستی شہرت اور اس سے ہمدردی بیجا جال کی سی تھی اور انہیں یہ سوچنے کی فرصت ہی نہ تھی کہ جمہوریت، سوشلزم اور اسلام کے نعروں میں کتنا تضاد ہے اور بیک وقت اسلام و سوشلزم کا متضاد و متخالف نظریاتی نعرہ مستقبل میں کن مسائل و مصائب کا موجب بن سکتا ہے۔ چنانچہ پارٹی کے موجودہ داخلی انتشار و خلفشار کا اگر بنظر غائر جائزہ لیا جائے تو یہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ کسی اعلیٰ مقصد اور نصب العین کا فقدان اور نظریاتی تضاد ہی دراصل اس جماعت کی شکست و ریخت کا موجب بن رہا ہے۔

جب سوویت یونین کی زیر سرپرستی بھارتی حکمرانوں کی تخریب و سازش اور عریاں جارحیت کے کھنڈرات پر پیپلز پارٹی کے اقتدار کی عمارت استوار ہوئی تو قومی مسائل و مشکلات کا اس قدر ہجوم تھا کہ چیئرمین بھٹو پارٹی کے اندر کی طرف توجہ ہی نہ دے سکے۔ ان کے بیشتر ناتجربہ کار اور پرجوش ساتھی کامیاب حکومت چلانے کی صلاحیت سے عاری ہونے کے علاوہ ذاتی رنجشوں، رقابتوں، مخاصمتوں کے اسیر تھے۔ انہوں نے اقتدار کی آتش انتقام سرد کرنے کا ذریعہ بنایا اور ذاتی اور سیاسی مخالفوں کو معتوب کرنے کے بعد وہ آپس میں ایک دوسرے سے دست و گریباں ہونے نظر آنے لگے۔ کوئی اعلیٰ مقصد انہیں سامنے نہیں تھا چنانچہ ذاتی اغراض و مفادات غالب آ گئے اور پارٹی کے کارکنوں، عہدیداروں، لیڈروں وغیرہ کے بارے میں رشوت، بدعنوانی، سمگلنگ اور چور بازاری میں ملوث ہونے کی شکایات سنی جانے لگیں۔

دوسری جانب نظریاتی تضاد اختلاف و کشمکش کا موجب بننے لگا۔ پارٹی نظریاتی گروپوں میں تقسیم ہونے لگی اور پھر یہ گروپ ایک دوسرے سے لڑنے لگے۔ اس لڑائی میں اپنے نظریات منوانے یا مسلط کرنے کے لیے بعض لوگوں نے ایسے ایسے نعرے بھی لگائے جو پاکستان کی نظریاتی اساس اور بنیاد کے ہی خلاف تھے اور جن سے پاکستان کے دشمنوں کو ہی تقویت پہنچتی تھی۔ پارٹی کے استحکام و تقویت کی ایک اور احسن صورت یہ ہو سکتی تھی کہ "جمہوریت ہماری سیاست ہے" کے نعرہ کو جماعت میں جاری و ساری کیا جاتا ہے اور جماعتی انتخابات کے ذریعہ پارٹی کی نظری تطہیر کا اہتمام کیا جاتا۔ لیکن یہ اہتمام بائیں بازو کے انتہا پسند عناصر نے — جو پارٹی کے کلیدی عہدوں پر قابض تھے اور اپنی — نہ ہونے دیا۔ کیونکہ وہ اس حقیقت سے بخوبی آگاہ تھے کہ پارٹی کے ارکان اور کارکنوں کی غالب اکثریت پاکستان کے اساسی نظریہ — اسلام — پر ایمان رکھتی ہے۔ لوگ یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ استحصال کے خاتمہ کا نعرہ لگانے والے سوشلسٹ (کمیونسٹ)، ترقی پسند وغیرہ خود استحصال کو زر اندوزی کا ذریعہ بنا رہے ہیں، اور راتوں رات عوامی دولت سے متمول کا ایک نیا طبقہ ابھر رہا ہے۔ چنانچہ انہوں نے جماعتی انتخابات کے ذریعے پارٹی کے کلیدی عہدوں سے اپنی علیحدگی کا خطرہ مول لینے سے انکار کر دیا۔

وزیراعظم اور چیئرمین بھٹو نے اپنے انٹرویو میں اگرچہ یہ کہا ہے کہ بائیں بازو کے راسخ کارکن بہت پہلے پارٹی چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں یا انہیں نکال دیا گیا۔ ملک کے نظم و نسق کو چلانے کی راہ میں حائل مشکلات اور دشواریوں سے عہدہ برآ ہونا ان کے بس کا روگ نہیں تھا۔ وہ دراصل "نسل پسند انقلابی" تھے۔ لیکن اگر دیکھا جائے تو سوشلسٹ (کمیونسٹ)، انقلابی، ترقی پسند ابھی خاصی تعداد میں نہ صرف جماعت میں موجود ہیں بلکہ پارٹی اور حکومت کے کلیدی عہدوں پر قابض ہیں۔ وزیراعظم بھٹو نے کچھ عرصہ پیشتر انہیں "ناقابل اصلاح اقلیت" کا نام دیا تھا اور یہ توقع ظاہر کی تھی کہ وہ اپنی اصلاح خود کر لیں گے۔ لیکن تجربہ و مشاہدہ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نہ صرف انہوں نے اپنی کوئی اصلاح نہیں کی بلکہ وہ بدستور ریڈیو، ٹیلی ویژن، سرکاری ذرائع ابلاغ کے ذریعے تہذیب و ثقافت اور تعلیم و دانش و خیال کے نام پر پاکستان کی نظریاتی بنیادوں پر وار کر رہے ہیں اور ابھی گزشتہ دنوں ایک ترقی پسند دانشور نے ٹیلی ویژن پر یہ انکشاف فرمایا ہے کہ وقت آگے جا رہا ہے لیکن کچھ لوگ ابھی اسلام کے ذریعے پیچھے لے جانا چاہتے ہیں۔ "اسلام ہمارا دین ہے" کا نعرہ لگانے والی پارٹی کے دور میں ہی ٹیلی ویژن پر ایسے دانشوروں کی ہماری جانتی ہے۔ چیئرمین بھٹو اگر پیپلز پارٹی اور اسکے ساتھ ہی ملک کو یہ ملک کی حکمران پارٹی ہے — داخلی انتشار و افتراق بلکہ تباہی سے بچانا چاہتے ہیں، یہ پسند نہیں کرتے کہ اس کا حشر بھی مسلم لیگ، ری پبلکن کونسل لیگ وغیرہ جیسا ہو اور اسے ملک و ملت کی صحیح معنوں میں خدمت کے قابل بنایا جائے تو پھر اس کے لیے ضروری ہے کہ سب سے پہلے کوئی بلند و ارفع نصب العین متعین کیا جائے اور وہ اسلامی پاکستان — قائداعظم اور علامہ اقبال کے خوابوں کا پاکستان — ہی ہو سکتا ہے۔ اب یہ حقیقت بھی اچھی طرح ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ صرف اسلام کا نام لینے اور اسلام کے ساتھ زبانی اظہار ہمدردی سے کام نہیں چلے گا۔ اب اسی جماعت کو عامۃ الناس میں پذیرائی نصیب ہو گی جس کے قول و فعل میں تضاد نہ ہو۔ پیپلز پارٹی اگر صرف اور صرف اسلام کو اپنا نصب العین بنانا چاہتی ہے تو پھر اسے اپنے کردار و عمل سے یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ پاکستان میں شریعت محمدیؐ کے کامل نفاذ و سربلندی کے سوا اور کچھ نہیں چاہتی۔ اسے نام نہاد سوشلسٹوں (کمیونسٹوں)، ترقی پسندوں، جدت پرستوں، پرمسرت سوسائٹی کے علمبرداروں، مغرب نوازوں، لادینوں، سرمایہ داروں، جاگیرداروں، زمینداروں، وڈیروں وغیرہ سب سے نجات حاصل کرنا پڑے گی۔ منزل اور نصب العین کے تعین کے بعد جماعتی انتخابات کا اہتمام کرنے سے ہی پارٹی پر عوامی اعتماد بحال ہو سکتا ہے۔

مولانا عبدالرشید

آداب معاشرت

قرآن پاک میں صاف ستھری اور پاکیزہ زندگی کے لئے بھی آداب و قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ ایک تو یہی ہے کہ نظریں نیچی رکھی جائیں اور دل میں ہر دم یہ احساس ہو کہ اللہ تعالیٰ ہماری ساری باتوں سے باخبر ہیں۔ نہ ان سے نظر کی خیانت چھپی ہے۔ نہ سینے کا کوئی راز۔ قرآن پاک کی لطافت بیان کا اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ غض بصر کا حکم مردوں کو اور انداز سے دیا اور عورتوں کو اور انداز سے۔ مردوں سے فرمایا:۔

"مومن مردوں سے کہو کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں۔ اور اپنے ستر کی حفاظت کریں۔ یہ ان کے لئے پاکیزہ تر ہے۔ بلاشبہ اللہ تعالیٰ کو خبر ہے جو کاریگری وہ کرتے ہیں"

خواتین سے یہ کہنا مناسب نہیں سمجھا کہ یہ ان کے لئے پاکیزہ تر ہے اور اللہ تعالیٰ ان کی کاریگریوں سے باخبر ہیں۔ انہیں یہی حکم اس طرح دیا:۔

"اور کہو مومن عورتوں سے کہ وہ (بھی) اپنی نگاہیں نیچی رکھیں، اور اپنے ستر کی حفاظت کریں۔ اور نہ دکھائیں اپنی زینت (سنگار) مگر جو ظاہر ہو اس میں سے۔ اور چاہیئے کہ وہ ڈالے رکھیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر۔ اور نہ ظاہر کریں اپنی زینت مگر اپنے شوہروں پر، یا اپنے باپوں پر، یا اپنے شوہروں کے باپوں پر، یا اپنے بیٹوں پر، یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر، یا اپنے بھائیوں پر، یا اپنے بھائیوں کے بیٹوں پر، یا اپنی بہنوں کے بیٹوں پر، یا اپنی عورتوں پر یا اپنی لونڈیوں پر، یا گھر میں رہنے والے ایسے مردوں پر جو (عورتوں کے معاملات سے) کچھ غرض نہیں رکھتے، یا ان لڑکوں پر جو عورتوں کی پردے کی باتوں سے واقف نہیں۔ نیز (چاہیئے کہ) وہ نہ ماریں اپنے پاؤں زمین پر زور سے (اس لئے) کہ ان کی مخفی زینت معلوم ہو"

عورتوں پر جھوٹے الزامات لگانے والوں کو برسر عام ۸۰ کوڑے مارنے کا حکم دیا۔ نیز فرمایا کہ آئندہ ان کی گواہی قبول نہ کی جائے۔ سورہ الاحزاب میں عورتوں کو ایذا دینے والوں یعنی انہیں چھیڑنے اور ان پر آوازے کسنے والوں کو ملعون فرمایا۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۲ — شمارہ نمبر ۱۹

پندرہ روزہ **کریسنٹ** ٹورونٹو کینیڈا

۱۸ اکتوبر ۱۹۸۵ء مطابق ۲ ذوالحجہ ۱۴۰۵ھ

عیدالاضحیٰ نمبر

عیدالاضحیٰ

ہر سال اسی غرض سے آتی ہے کہ ہمیں حضرت ابراہیمؑ کے قابل تقلید اسوۂ حسنہ کی یاد دلائے!!

مسعود اختر خیری

خوا ہشِ نفسانی انسان کو ہمیشہ طرح زندگی سکھاتی ہے اپنے لئے تو سب ہی جیتے ہیں لیکن اس ذاتِ پاک کی خوشنودی کے لئے اپنا تمام مال و متاع نثار کر دینا بہت بڑی بات ہے یوں تو انسان کو اپنی جان و مال پیاری ہوتی ہے، لیکن اللہ سے بڑھ کر کوئی شے پیاری نہیں یہ وہ محبت ہے جو دنیا کی تمام محبتوں سے عظیم تر ہے یہ وہ رشتہ ہے جو کائنات کے تمام رشتوں سے افضل و برتر ہے کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو طرح طرح کی آزمائش میں ڈال کر ان کے صبر اور حوصلے کا امتحان لیتا ہے وہ دیکھتا ہے کہ اس کی تخلیق کس حد تک اسے یاد رکھتی ہے اور اس کے پائے استقامت کو کب لغزش پہنچتی ہے سو اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ سے ان کی اولاد کی قربانی مانگی اور یہ دیکھنا چاہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ان سے کتنی محبت کرتے ہیں محبت کے امتحان اور قربانی کے اسی نتیجے کو عید قربان کہتے ہیں۔ یہ مسرت انگیز دن تاریخ انسانیت کی عظیم ترین قربانی کی یادگار ہے ہر سال دس ذی الحجہ کو عالم اسلام میں عیدالاضحیٰ منائی جاتی ہے یہ دنیا کے تمام مسلمانوں کے لئے متبرک اور مقدس دن ہے یہ تہوار بندوں کو اس واقعہ کی یاد دلاتا ہے۔ جب حضرت خلیل اللہؑ نے خداوند تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے اللہ کی راہ میں اپنے چہیتے بیٹے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو قربان کرنا چاہا تھا یہ تہوار فرزندانِ اسلام کو اس بات کی تلقین کرتا ہے کہ دنیا کی ہر شے کائنات کی ہر چیز اسی ربِ ذوالجلال کی ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے چھین لیتا ہے اور بندوں کی محبت کو آزمانے اور پرکھنے کے لئے ان سے قربانی بھی طلب کرتا ہے۔ جو بندۂ مومن اس راہ میں ثابت قدم رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مرضی اور منشا کے مطابق زندگی گزارتا ہے، اسے دنیا میں سرفرازی اور کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

"کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ آنا کہہ ہم ایمان لائے کہہ کر چھوٹ جائیں گے اور اللہ کی طرف سے ان کی آزمائش نہ ہوگی حالانکہ ہمارا طریقہ کار یہ رہا ہے کہ ہم نے پچھلے زمانے کے لوگوں کو ان کے دعویٰ ایمان پر آزمایا ہے تاکہ دنیا کو پتہ چل جائے کہ وہ اپنے دعوے میں سچے ہیں یا

خدا کی راہ میں مال کی ہی نہیں جان کی بھی قربانی دینی پڑتی ہے، مویشی جو ہماری معیشت کا ذریعہ اور ہماری آمدنی کا وسیلہ ہوتے ہیں ہم ان ہی کو خدا کی راہ میں قربان کر کے اپنی عقیدت اور محبت کا فرض ادا کر سکتے ہیں یوں تو عام دنوں میں بھی جانوروں کی قربانی ہوتی ہے لیکن عیدالاضحیٰ کا دن تمام مسلمانوں کے لئے اس لئے دلنشین ہے کہ اسی دن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے وہ یادگار قربانی دی تھی جس کے عوض نہ صرف ان کو اپنے رب کی خوشنودی حاصل ہوئی بلکہ یہ دن مثال بن کر دنیا کے تمام مسلمانوں کے سامنے آیا۔

ہمارے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم بھی سنت ابراہیمی کی پیروی کرتے تھے اور ہر سال قربانی فرمانے دیتے تھے انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو وصیت فرمائی تھی کہ وہ ہر سال حضورؐ کی طرف سے جانور کی قربانی دیا کریں چنانچہ حضرت علیؓ نے حضورؐ کی اس وصیت پر پابندی سے عمل کیا ایک بار حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے کسی نے پوچھا۔

کیا قربانی فرض ہے؟

آپ نے فرمایا "آنحضرتؐ اور تمام مسلمان قربانی دیتے آ رہے ہیں اس لئے یہ قربانی ہر مسلمان پر فرض ہے"

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضورؐ نے فرمایا!

"قربانی کے دن خداوند تعالیٰ کے نزدیک جانور کا خون بہانا محبوب اور پسندیدہ عمل ہے اور قربانی کے جانور کا ہر عضو قیامت کے دن اجر و ثواب بن جائے گا جانور کا خون زمین پر گرنے سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک رفیع مقام پا لیتا ہے لہٰذا اپنے آپ کو قربانی کے عمل سے بہتر بناؤ۔"

حضرت ابراہیمؑ کی قربانی اللہ تعالیٰ سے ان کی بے پناہ عقیدت و محبت کا نتیجہ تھا وہ روحانی طور پر اللہ سے اتنے قریب تھے کہ انہوں نے اپنی ذات کو صرف احکامات الٰہی تک محدود کر لیا تھا، وہ اللہ کے ساتھ ایسا تعلق رکھتے تھے کہ اس میں نہ اپنی ذات کے نفع و نقصان کو نہ کسی مفاد کو نہ اپنی اولاد کی محبت کو اللہ کے ساتھ شریک کرتے۔ اسی اسوۂ ابراہیمی پر چلنے کی وجہ سے ہمارے محبوب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مقام حاصل کیا جس کی مثال نہیں ملتی رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسی پاکیزہ زندگی کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں

تقاضائے قربانی

عیدِ اضحیٰ آ گئی ہے یا الٰہ العالمین	آج قربانی کا طالب ہے ترا دینِ متیں
آتشِ نمرود ہے چاروں طرف بھڑکی ہوئی	اور خلیل عصر کا کوسوں پتہ کوئی نہیں
دشمنانِ حق میں ہے ذکرِ فنا مصر بھی	اور سرِ شبیر کے طالب بھی ہیں اٹھے ہوئے
کربلا ئے دہر میں محصور ہے اب تو امام	حق پرستی کے سوا جن کی خطا کوئی نہیں
زندگی کے واسطے لازم ہے کسبِ معاش	اور اُدھر فکرِ معاد و آخرت سے دل حزیں
ہم زمانہ میں تہی دست اور عمل ناآشنا	ایک لے دے کر ہمارا نام ختم المرسلینؐ
سجدۂ شکرانہ بھی اپنا ہوس آمیز ہے	اور ملال آلودہ سرِ آئینہ طاعت کی جبیں

اب کہاں سے لائے یہ دنیا براہیمؑ و حسینؑ
عیدِ اضحیٰ آ گئی ہے یا الٰہ العالمین

— فقدا بخاری

قربانی دراصل انسان کے جذبۂ ایمانی اور محبت خداوندی کو پرکھنے کا نام ہے

کے لئے نمونۂ عمل قرار دیا اور حضور کے اتباع و پیروی کو اپنی محبت کا بہترین معیار قرار دیا۔ اور فرمایا ہر معاملے میں اسوۂ حسنہ کے نقش قدم پر چلو جو ابراہیم کے نقش قدم پر قائم ہے۔ عیدالاضحیٰ ہر سال اسی غرض سے آتی ہے کہ ہمیں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قابل تقلید اسوۂ حسنہ کی یاد دلائے یہ بزم ہے نہ تو کا جشن بلکہ اس کا منشا و اصل ہم کو یہ یاد دلانا ہے کہ ملتِ اسلامیہ اپنی زندگی کو حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام اور حضرت محمدؐ کی زندگیوں کے مطابق ڈھالیں۔ ان پاک ہستیوں کی تقلید کر کے دنیا میں اصلی امن و سکون حاصل ہو سکتا ہے اور آخرت میں سرخرو ہونے کا موقع مل سکتا ہے۔ قرآن شریف میں حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور ان کے صاحبزادے حضرت اسمٰعیلؑ کی قربانی کے سلسلے میں ارشاد ہے۔

"حضرت ابراہیمؑ نے کہا میں اپنے خدا کی طرف جاتا ہوں وہی میری رہنمائی کرے گا اے خدا مجھے نیک بیٹا عطا فرما تب ہم نے اس کو ایک بردبار بیٹے کی بشارت دی پھر جب وہ بیٹا اس قابل ہوا کہ اپنے باپ کے ساتھ چل پھر سکے تو باپ نے بیٹے سے کہا اے فرزند عزیز میں نے خواب میں دیکھا گویا تجھے اللہ کے نام پر ذبح کر رہا ہوں پھر تیرے خیال میں یہ بات کیسی ہے سوچ کر بتا کہ تیری رائے کیا ہے؟ حضرت اسمٰعیلؑ نے والد محترم کو فوراً جواب دیا کہ یہ تو گویا خدا کی مرضی اور اسکے حکم کا اشارہ ہے بس آپ حکم الٰہی کی تعمیل کریں انشاء اللہ آپ مجھے ثابت قدم اور صابر پائیں گے۔"

حضورؐ کا ارشاد گرامی ہے۔

"عشرہ ذی الحجہ کا زمانہ بہت مبارک اور مقدس ہے جو مسلمان اس عشرہ میں عبادت کرتا ہے اس کا خدا کے یہاں عظیم مرتبہ ہے چنانچہ جس مسلمان نے عشرہ ذی الحجہ کے روزے رکھے اس نے ایک سال کے روزوں کے برابر ثواب حاصل کیا۔"

"اللہ تعالیٰ اسکی مغفرت فرمائیں گے جس نے ان چار راتوں میں عبادت کی (۱) ذوالحجہ کی آٹھویں شب (۲) عرفہ کی شب (۳) عیدالاضحیٰ کی شب (۴) عیدالفطر کی شب۔"

خدا تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"اے نبیؐ آپ کہہ دیجئے کہ میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور مرنا سب کچھ اللہ کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم ملا ہے اور سب سے پہلے سر اطاعت خم کرنے والا ہوں۔ سورۂ کوثر میں ارشاد الٰہی ہے کہ سو آپ اپنے پروردگار کی نماز پڑھئیے اور قربانی کیجئے۔"

اسکے علاوہ قرآن مجید کی دوسری سورتوں میں بھی قربانی کی حکمت اور فوائد کے بارے میں بہت کچھ کہا گیا ہے۔ رسول اللہؐ نے فرمایا۔

"سب سے پہلا کام جس سے ہم عیدالاضحیٰ کے روز ابتدا کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ ہم نماز پڑھتے ہیں پھر واپس جا کر قربانی کرتے ہیں جس نے اس پر عمل کیا اس نے ہمارے طریقے کے مطابق کیا اور جس نے نماز سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کر لیا تو اس کا شمار قربانی میں نہیں ہے بلکہ وہ ایک گوشت ہے جو اس نے اپنے گھر والوں کے لئے مہیا کیا۔"

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ قربانی کا مقصد کیا ہے قرآن حکیم کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ ارشاد الٰہی ہے کہ (ترجمہ) اور ہم نے امت کے لئے قربانی مقرر کی تاکہ وہ ان کے دیئے گئے مویشیوں پر اس کا نام بلند کریں۔ ایک اور جگہ ارشاد ہے (ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے ہاں قربانی کا گوشت اور خون نہیں بلکہ تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔ سو نتیجہ نکلا کہ اللہ تعالیٰ کا نام بلند رکھنا اور اس کے احکام کو بجا لانا ہی کا اصل قربانی ہے حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بجا آوری ہی قربانی ہے لیکن اسکے لئے قربانی کا جذبہ کا ہونا بہت ضروری ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ



"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص استطاعت رکھتا ہو اور پھر قربانی نہ کرے وہ ہماری عیدگاہ میں نہ آئے۔"

قربانی سنت ابراہیمی ہے جو ملت ابراہیمی کے ہر اس شخص پر لازمی ہے جس پر زکوٰۃ فرض ہے کیونکہ خدا تعالیٰ اس جذبۂ ایثار، نیت اور عمل کو پسند فرماتا ہے جو سنت ابراہیمی کے ادا کرتے وقت قربانی کرنے والوں کے دل میں موجزن ہوتا ہے۔ قربانی دیجئے خواہ جیب مال و جان تک اللہ کی راہ میں قربان کر دینا ہے، اور ہر قسم کی عزیز شے اس پر نثار کر سکتا ہے تو وہ یا اسکی قوم کبھی زوال پذیر نہیں ہو سکتی کیونکہ جب خدا کی سنت کو متحد اور مستحکم ہو کر تھام لیا جاتا ہے تو پھر راہ میں آئی ہوئی ہر مشکل دور ہو جاتی ہے جیسا کہ ہم نے پہلے لکھا تھا کہ جذبہ اور نیت ہی اصل چیز ہے جو شخص دکھاوا یا نمود و نمائش کا خواہشمند ہو کر بجا لاتا ہے اسکی عبادت قبول نہیں ہوتی اور حق قرآن کریم میں حق تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"(ترجمہ) ہرگز نہیں پہنچے گا اللہ کے پاس ان (قربانی کے اونٹوں) کا گوشت اور نہ ان کا خون لیکن اسکے پاس پہنچتا ہے تمہارا تقویٰ۔"

حضرت ابن ارقمؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ کرامؓ نے دریافت کیا کہ ان قربانیوں کی اصل کیا ہے آپؐ نے فرمایا تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے صحابہ نے دریافت کیا کہ اس میں ہمارے لئے کیا اجر ہے رسول کریمؐ نے ارشاد کیا ہر بال کے مقابلے میں ایک نیکی عرض کیا اون؟ آپؐ نے فرمایا اون کے ہر رواں کے مقابلے میں بھی ایک نیکی قربانی کی عبادت۔

قربانی دراصل انسان کے جذبۂ ایمان اور محبت خدا کو پرکھنے کا نام ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ اس مادی دور میں مذہب کو بھی مادی نقطۂ نظر سے نہ پرکھا جائے اور محض دوسروں پر برتری ثابت کرنے کے خیال سے یا محض قربانی کرنے سے معذور ہیں قربانی کرنے سے گریز کیا جائے کیونکہ خدا تعالیٰ نیت دیکھتا ہے۔

خدا ہر مسلمان کو صدق دل سے مسلمان بننے کی توفیق عطا فرمائے اور سنت ابراہیمی کی پیروی کرنے کی ترغیب دے۔

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper

SUBSCRIPTION RATES:

- ☐ 1 Year Air Mail/1st Class $ 8.00
- ☐ 2 Years Air Mail/1st Class $14.00
- ☐ 6 Months Air Mail/1st Class $ 5.00

FORTNIGHTLY
Crescent
338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 493 4...

Name

Address

Postal Code

Telephone No